نو وارد والدین کے لیے اسکول پالیسی گائیڈلائنس

یہ کتابچہ آپ کو اسکولوں میں پالیسیوں کے مضامین کے متلعق کچھ فکر فراہم کریگا۔
آپ خود اپنی زبان میں کتابچہ کی کاپی مانگ سکتے ہیں۔

کتابچہ درج ذیل زبانوں میں دستیاب ہے۔
عربی، بنگالی، بلغاریائین، کینٹَن، فلپین، جرمن، ہندی، ہنگرین، لیٹوین، لتھوائنین، ملیالم، ماندرین، پولش، پرتگالی، پنجابی، رومانین، روسی، سلوواک، ہسپانوی، اردو.

Guidance about school policies - Urdu

Education Authority

اوباشی مخالف پالیسی

تعریف
اوباشی ایک باربار کیا جانے والے رویہ ہے جس سے کسی فرد یا ان کے اہل خانہ کو جسمانی یا جذباتی تکلیف پہنچتی ہے۔
اوباشی کی بہت ساری قسمیں ہیں جس میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- جسمانی زدوکوب
- سامان کو نقصان پہنچانا
- چڑھانا
- دھمکیاں دینا
- گالیاں دینا
- کسی کو الگ تھلک یا خارج کرنا
- سائبر اوباشی – بذریعہ موبائل فون یا آن لائن

مقصد
اوباشی مخالف پالیسی کا مقصد اسکول کے اندر ایسی روایت پیدا کرنا ہے جو اوباشی کو ناقابل قبول بناتی ہے۔ اسکول کے ذریعہ باہمی احترام کا ماحول پیدا کیا جانا چاہیے، اور جہاں اوباشی واقع ہو، اسے فوراً اور ماثر طریقے سے نمٹنا چاہیے۔

حاضری کی پالیسی

تعریف
حاضری کے ضوابط کا قانوناً تقاضہ ہے کہ ہرسال طالبعلم کم از کم 190 دن اسکول میں حاضر رہے۔

مقصد
حاضری کی پالیسی کا مقصد اچھی حاضری اور وقت کی پابندی کی مثالوں کو فروغ دینا ہے جو عملی دنیا میں جاری رہیگی۔ کم حاضری طالبعلم کی کارکردگی کو کافی متاثر کرسکتی ہے۔
اسکول کا مقصد غیرحاضری کے اسباب کو تلاش و شناخت کرکے طالبعلم کی مجموعی حاضری کو بہتر کرنا ہے اور اس کے ذریعہ بہتر حاضری کی ہمت افزائی کرنے کے لیے اسکول کی پوری حکمت عملیوں کو بنانا و نافذ کرنا ہے۔

پالیسی برائے بچے کی حفاظت

تعریف
بچے کی حفاظت پالیسی بدمعاملگی یا نظرانداز ہونا جیسے ناروا سلوک سے بچوں اور نوعمروں کی حفاظت کرنے کے متعلق ہے، جو جسمانی، جنسی یا جذباتی چوٹ یا تکلیف کا باعث بنتا ہے۔

مقصد
بچے کی حفاظت کی پالیسی کا مقصد مطلوبہ کاروائی کے متعلق اسکولوں کو رہنمائی فراہم کرنا ہے جہاں طالبعلم کے ساتھ بدمعاملہ کرنے یا نظرانداز کرنے کا شبہ ہو۔ ہمہ وقت بچوں کی رفاہ سب سے اہم اعلی ہے۔

رویہ کی دیکھ بھال کی پالیسی

تعریف
رویہ کی دیکھ بھال طلباء کے اندر ذاتی نظم و ضبط کے احساس کو فروغ دینے اور خود ان کے اپنے رویوں اور کاروائیوں کے لیےذمہ داری قبول کرنے کے بارے میں ہے۔ یہ ماثر سیکھنے اور سکھانے کے لیے ضروری ہے۔ مثبت رویہ اور نظریات کی ہمت افزائی اور تعریف کرنا اہم ہے۔ رویہ کی دیکھ بھال اسکول کمیونٹی کے تمام ممبران، اسٹاف، طلباء اور والدین کی ذمہ داری ہے۔

مقصد
رویہ کی دیکھ بھال کی پالیسی کا مقصد ذاتی نظم وضبط، ذاتی بیداری، خودمختاری اور ذمہ داری کے احساس کو فروغ دینا ہے۔ یہ اسکول کمیونٹی کے تمام ممبران کے درمیان مثبت تعلقات کی ترغیب دیتا ہے تاکہ ماثر طور پر سیکھنے کے مواقع پیدا ہوں۔

ڈرگس اور منشیات کے استعمال کی پالیسی

تعریف
ڈرگس اور منشیات کے استعمال کے بارے میں تعلیم طلبا میں جذباتی، جسمانی اور سوشل رفاہ پر ڈرگس اور دیگر منشیات کے اثرات کی بیداری پیدا کرنا ہے۔

مقصد
ڈرگس اور منشیات کے استعمال کی پالیسی کا مقصد ڈرگس اور دیگر نقصاندہ مواد اور ان کے غلط استعمال سے جڑے صحت کے خطرات کے بارے میں طلباء کو درست معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس کا یہ بھی ہدف ہے کہ معاشرے میں ڈرگس کلچر کو مسترد کرنے کی طلباء کی صلاحیت کو فروغ دینا اور انہیں مدد اور تعاون کی رسائی کے لیے کہاں جاناہے اس سے مطلع کرنا ہے۔

صحت کی تعلیم کی پالیسی

تعریف
صحت کی تعلیم کا مقصد طلبا میں صحتمند طرز زندگی کی سمجھ اور قدردانی کو بہتر کرکے اسکول کے باہر کی زندگی کے لیے انہیں کو تیار کرنا ہے۔ صحت کی تعلیم عمر کے لحاظ سے متعدد عناوین کا احاطہ کرتا ہے اور اس میں ڈرگس کی بیداری (جیسے الکحل اور تمباکو)، کھانے کی بیماریاں اور جنسی رویہ شامل ہوسکتے ہیں۔

مقصد
صحت کی تعلیم کی پالیسی کا مقصد طلبا کو باخبر اختیارات اپنانے اور خود ان کی صحت اور دوسروں کی صحت کے بارے میں ذمہ دار لینے کی ترغیب دیکر ان کی خودداری کو فروغ دینا ہے۔

آی سی ٹی سیفٹی پالیسی

تعریف
آئی سی ٹی میں کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، آئی پیڈ، کیمرا، ڈی وی ڈی پلیئر اور موبائل فون کا استعمال شامل ہوسکتا ہے۔
اسکول میں اکثر مستعمل سہولیات میں ورلڈ وائڈ ویب، ای میل، ملٹی میڈیا، پیغام رسانی اور وائس کال/ویڈیو کال شامل ہوسکتی ہیں۔

مقصد
انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹکنالوجی (آئی سی ٹی) سیفٹی پالیسی کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ایک محفوظ، ذمہ دارانہ، اخلاقی، قانونی اور ذہین طریقے سے آئی سی ٹی کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ایسے مواد کے استمال سے بچاجائے جو غیرموزوں اور نقصانده ہوسکتے ہیں۔

تعلقات اور جنسی تعلیم کی پالیسی

تعریف
تعلقات اور جنسی تعلیم (آر ایس ای) کا مقصد زندگی میں ذاتی اور معاشرتی تعلقات کے بارے میں نظریات، اعتقادات اور اقدار کو فروغ دینا ہے۔ یہ اسکول اور کمیونٹی کے اخلاقی اور معاشرتی ماحول کے اندر فروغ پانا چاہیے۔

مقصد
تعلقات اور جنسی تعلیم کی پالیسی کا مقصد تمام بچوں اور نوعمروں کی مجموعی شخصی، معاشرتی اور اخلاقی ترقیات کو فروغ دینا ہے۔ یہ خودداری، اخلاقی ذمہ داری کے احساس اور تعلقات کے بارے میں باخبر اختیارات کو اپنانے کی مہارتوں کو فروغ دینے کے بارے میں ہے۔ آر ایس ای کی سپردگی باہمی اعتماد، احترام اور رازداری کے ماحول کے اندر واقع ہونا چاہیے۔

محفوظ طریقے سے دوا ہینڈل کرنے کی پالیسی

تعریف
دوا کو محفوظ طریقے سے ہینڈل کرنا یہ یقینی بنانے کے بارے میں ہے کہ والدین کی ہدایت کے مطابق طلبا کی دوا کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ و اہتمام کیا جاتا ہے۔

مقصد
محفوظ طریقے سے دوا ہینڈل کرنے کی پالیسی کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام اسٹاف اور والدین اسکول میں طلبا کی دوا کی ہینڈل کرنے کے متعلق طریقہ کار واقف ہیں۔

خصوصی تعلیم: عملی ضابطہ کے مراحل

تعریف اور مقصد
عملی ضابطہ خصوصی ضروریات والے طلبا کی شناخت اور معاونت کرنے میں مستعمل ایک پانچ مرحلہ والا طریقہ کار ہے۔ طلبا کے اسکول کے ذریعہ مرحلہ 1 اور 2 کو انجام دیا جاتا ہےاور جو کچھ ہورہا ہے اس کے بارے میں والدین کو مطلع رکھنا چاہیے۔ مرحلہ 3 میں اسکول خارجی مدد کی درخواست کرسکتا ہے، مثلاً کسی تعلیمی ماہر نفسیات سے۔ مرحلہ 4 میں طلبا کی ضروریات کی قانونی قدرپیمائی کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ مرحلہ 5 میں ایجوکیشن اتھارٹی کا خصوصی تعلیمی سیکشن شامل ہوسکتا ہے۔

اگر آپ باخبر ہیں کہ آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے تو آپ اسکول کو بتادیں تاکہ تعاون و مدد فراہم کی جاسکے۔

معقول طاقت/محفوظ طریقے سے ہینڈل کرنے کی پالیسی کا استعمال

تعریف
معقول طاقت اور محفوظ طریقے سے ہینڈل کرنا پوری اسکول کمیونٹی (طلبا اور اسٹاف) کے لیے محفوظ و مامون ماحول فراہم کرنا اور مناسب رویہ کو فروغ دینا و باقی رکھنا ہے۔
"معقول طاقت" طلبا کو خود اپنے آپ کو یا دوسروں کو جسمانی طور سے نقصان پہنچانے یا ملکیت کو شدید نقصان پہنچانے سے روکنے کے لیے ضروری کم سے کم طاقت کا استعمال کرنا ہے۔ تمام متعلقین کے وقار کو ملحوظ رکھتے ہوئے طلبا کے حالات کو حل کرنے اور انہیں خاموش کرنے کے لیے معقول طاقت کا استعمال کیا جانا چاہیے۔

مقصد
معقول طاقت اور محفوظ طریقے سے ہینڈل کرنے کی پالیسی کا مقصد سیکھنے کا ایسا ماحول تیار کرنا ہے جس میں نوعمر اور بڑے محفوظ محسوس کریں اور تکلیف سے محفوظ ہوں۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ طلبا کسی بھی شکل میں جسمانی مداخلت سے محفوظ رہیں جو غیرضروری، غیرموزوں، حدسے متجاوز اور نقصاندہ ہو۔ اسٹاف کو ان حالات کے بارے میں بتانا چاہیے جس میں وہ طلبا پر قابو پانے کے لیے معقول طاقت کا استعمال کرسکتے ہیں اور کس طرح اس طرح کا طاقت کا استعمال کرنا چاہیے۔
ڈپارٹمنٹ آف ایجویکشن کی ویب سائٹ سے والدین کے لیے دیگر دستاویزات دستیاب کیے جاسکتے ہیں۔

کتابچہ برائے تعلیم میں بچے کی حفاظت
https://www.education-ni.gov.uk/publications/child-protection-education

کتابچہ برائے اسکول میں اچھا رویہ
https://www.education-ni.gov.uk/publications/good-behaviour-school-leaflet-parents